کے خاتمے فیصلہ کی زد سے کوئی بھی نہیں بچا۔ سب کے سب فرد قرارداد جرم تیار!

ٹھیک ہے کہ یہ بھی ضروری کام اور دلچسپ مشغلہ ہے مگر اس کام کے لیے کچھ زیادہ مطالعہ، مشاہدہ بھی درکار ہے اور کچھ شخصیت کی بالیدگی اور نگاہ کی درستی بھی۔ ابھی دوسروں پر حکم لگانے سے زیادہ خود کچھ کام کر دیکھیے۔ پھر کسی دوسرے کے متعلق کچھ کہنے سے پہلے اس کی پوری بات کو یک جا سمجھیے، بلکہ ان توجیہوں اور توضیحوں کو ساتھ شامل کر لیجیے، جن کے بغیر پوری بات سمجھی ہی نہیں جا سکتی۔

معاف کیجیے گا، بے عنوان لمبی عبارتیں لکھتے چلے جانا اور بے کشش انداز گفتگو کے ذریعے تنقیدی نکات کو دوسروں تک پہنچانا زیادہ مفید نہیں پڑے گا۔

اور پھر ٹائیٹل پر اُونٹ کا جو استعارہ آپ نے دیا ہے۔ وہ اب اپنی اچھی معنویت کھو چکا ہے۔ کیا نئے استعارے وضع نہیں ہو سکتے۔

خود نوشت | مرتبہ: گل بخشالوی۔ ناشر: قلم قافلہ کھاریاں، پاکستان۔ قیمت: ۶۵/- روپے

یہ ایک دلچسپ مجموعہ ہے۔ بہت سی شعرا کی کاغذی محفل آراستہ ہے۔ ہر کوئی اپنا اپنا کلام لیے حاضر ہے۔ دلچسپ یہ کہ ہر شاعر کا کلام "بقلم خود" لکھا ہوا ہے جس کی فوٹو نقل طباعت میں آئی ہے۔ بہتوں نے تصویریں بھی فراہم کی ہیں۔ اس لیے شاعری باتصویر ہو گئی ہے — قدیم و جدید رنگ اور طرح طرح کے خیالات و احساسات یک جا ملیں گے۔ اہلِ ذوق لطف اندوز ہوں۔

روئیدادِ عمل ۱۴ | پرنسپل تعلیم القرآن خط و کتابت اسکول۔ پوسٹ بکس نمبر ۱۲، ۱۷۔ محمد نگر لاہور۔

مسیحی مشنریوں نے پاکستان میں اسکولوں اور ہسپتالوں کے علاوہ بہت سے خط و کتابت اسکول بھی کھول رکھے ہیں، جہاں سے مسیحی تبلیغ کے لیے مختصر اور آسان اور مسلسل کورس پھیلا کر استفادہ کرنے والوں کے امتحان لیتے ہیں اور اسناد دی جاتی ہیں، علاوہ ازیں انعامات بھی